SPECIAL EDITION

Quarterly

# Al-Hidayah

01 October 2019 to 31 December, 2019 — Volume 11

HIDAYAH ACADEMY

NEWSLETTER OF HIDAYAH ACADEMY UNDER SUPERVISION OF : HAZRAT MOULANA SHAYKH AZHAR IQBAL (DB)

# Hidayah Academy : 8th Batch of Ulemas are Passing Out

## The students of Hidayah Academy now include 24 PhDs, and dozens more other degree holders

### Its online students are studying religion in 13 different countries

### This tree now has 3 strong branches; in Sukkur, Islamabad and Hyderabad



**Hidayah Academy** is the brain child of Hazrat Moulana Shaykh Azhar Iqbal DB. Hazrat's foresightedness, his dedication, and his commitment to the cause of Islam led him to envision an institute of Islamic Education that would not only train and nourish the best in the field of religion, but who are also well versed in modern sciences. It was about a decade and a half back. Today, 14 years later, Hidayah Academy is celebrating the passing out of its 8th Batch. It has given back 59 graduates to the society; amongst whom are PhD Doctors, Masters and Bachelors. Each one of them is an institute in their own rights. The seed that was sown 15 years back has now turned into a strong tree, ready for a great harvest. This tree now has 3 strong branches; in Sukkur, Islamabad and Hyderabad. Its online students are studying religion in 13 different countries; as far as in Ghana, Africa. Altogether, the students of Hidayah Academy now include 24 PhDs, and dozens more other degree holders, all of whom are committed to carry forward the legacy of Hazrat Moulana Shaykh Azhar Iqbal DB.

## Hidayah Academy – A Glimpse

**Alhamdulillah,** the students and caliphs of Hazrat Shaykh Sahib are striving to carry forward his vision and his mission by enlightening people with Uloom e Nabawiyyah in the methods that are the hallmark of Hazrat Shaykh himself.

His beloved Khalifa and dearest student **Moulana Farooq Feroz Sahib, and his brother Molana Faheem Feroz Sahib** are conducting weekly courses at two places in Gulshan e Iqbal area.
Moulana Farooq Sahib has compiled an excellent book on selected Ahadith as well.

In the area of 13-D, Gulshan e Iqbal, Hazrat's students **Moulana Saleem Iqbal Sb, Moulana Ahmed Siddiq Sb, Moulana Ismail Jilani Sb and Moulana Ishaq Sb** are also conducting a weekend course at Masjid Sirat e Mustaqim.

Hazrat's old student and one of Hidayah Academy's early graduates, **Mufti Furqan Mamji Sb** has attained wide acclamation for his unique seminars and workshops on Hajj, Khatm e Nabuwwat, Mayyat Etc.

He has also written a book on Hajj & Umrah.

**Moulana Dr Yahya Noori Sb**, writer of the book Mehwar in Urdu, conducts seminars at various places in his efforts to spread the deen.

## Hidayah Academy : A Nationwide Phenomenon

Hidayah Academy opened its first campus in 2003 in Karachi. Being the headquarters, it offers the following programs to the seekers of knowledge:

- Dars e Nizami (Evening)
- Dars e Nizami (Morning)
- Dars e Nizami (Online)
- Fiqah (Qudoori Sharif – Weekly)
- English Tafseer (Selected Verses – Weekly)

**Hidayah Academy's Sukkur Campus** was started 7 years back. Students have now reached Dorah e Hadith. They report to Karachi Campus on a periodic basis.

**Hidayah Academy's Islamabad Campus** was initiated 6 years back. Students are now enrolled for Darjah Sadisah. This campus has the maximum number of PhD students outside Karachi Campus.

**Hidayah Academy's Hyderabad Campus** was initiated 3 years back. Students are now completing Darjah Salisah. Being nearest to Karachi, its Nazim pays visit to Karachi every week and holds discussions for the day to day affairs of the campus.

## HIDAYAH STATISTICS

Hidayah Academy not only focuses on the quality of its faculty and student body, but also strives to maintain a healthy Teacher-Student Ratio and Number of Students per Class. It has one of the lowest Teacher-Student Ratio with the average of 1 teacher for every 5.1 student in Dars e Nizami, as well as having not more than an average of 13 students per class.
Following are the figures that match the promise Hidayah Academy holds:

| Campus | Dars-e-Nizami | Takhassus | Global-Online |
|---|---|---|---|
| Number of Classes | 13 | 3 | 5 |
| Faculty Head Count | 32 | 11 | 20 |
| Student Head Count | 162 | 12 | 23 |
| Teacher Student Ratio | 1:5.1 | 1:1.1 | 1:1.2 |
| Class Student Ratio | 1:12:5 | 1:4.6 | 1:4.6 |

0322-4432924
(0322-HIDAYAH)
Islamicessentials.ShaykhAzhar
www.islamicessentials.org
www.hidayahacademy.net
M25/4 Khayaban-e-Saadi, Phase7, DHA Karachi.
info@islamicessentials.org
iOS
islamicessentials

# TESTIMONIALS

## "I feel really happy in joining Hidayah Academy.."

### Idrees ul Hassan
Ghana, Africa



I am Idrees ul Hassan, a resident of Ghana, Africa. I am a student of Hidayah Academy's Online Program.
I have found that Hidayah Academy is one of the best institutes available for online learning of deen. I recommend the Islamic Knowledge available through this platform.
I am really happy on joining Hidayah Academy. May Allah SWT bless the entire team of Hidayah Academy.

## ".. The love, compassion and guidance which I received from Hidayah Academy.."

### Usman Akbar
Australia



Faculty members of Hidayah Academy are the epitome of Positivity and Motivation. In spite of living farther away from Pakistan, I have developed a special relationship with Hazrat Shaykh Azhar Iqbal Sb and Hidayah Academy. Elsewhere, I feel that I may not be able to garner the love, compassion and guidance that I receive from Hidayah Academy.
To travel the journey of religious education while being engaged in a professional job doesn't seem plausible, however, the positive energy and motivation that I receive from the teachers of Hidayah Academy instill a new spirit in myself and keep me going in this path. The emphasis that our faculty members put on religious training, besides the religious education, is a major attraction at Hidayah. I wish and pray that may Allah SWT keep us and our future generations in the company of such faculty members and Akabireen till the Day of Judgment.

## "Day by day, we got closer to religion due to the efforts of our beloved teachers."

### Zahid Zain ul Abideen
Ireland



I am a student of Hidayah Academy Online, currently residing in Ireland. I joined Hazrat Shaykh Sb in Karachi when I was a student of A Levels, and that is when I developed interest in religious education.
After starting my job, i would get tired in the evening but still find myself afresh after reaching Hidayah Academy. Day by day, we got closer to religion due to the efforts of our beloved teachers. I would like to thank Allah SWT for his blessings and Hazrat Shaykh Azhar Iqbal Sb for his prayers.

## "Hidaya Academy provides complete spectrum of knowledge in (Quran, Hadees, Fiqha..)" Professor Usman Waheed

Everyone is in hunt of soundness, whether it is in lifestyle, relationship, office and home management, or in financial dealing. Soundness without sound ideology is not possible. And sound ideology comes from Quran and Sunna. Hidaya Academy provides complete spectrum of knowledge in (Quran, Hadees, Fiqha, Asool e Fiqha, Arabic literature, Balaghat and Fashat and Philosophy) with spiritual guidelines of Sheikh Azhar Iqbal D.B. to Live a meaningful life. Hidaya Academy is a Life changing environment. So, everyone is looking for change. I advise you to take sound decision to join Hidaya Academy.

**Professor Usman Waheed** (5th year student)
Associate Professor of Practice
Ms (Cs) ,Specialization in Software Engineering
Usman Institute of Technology

## Ijtema

Spiritual Congregation **Ijtema** 28 Dec. 2019 Saturday, 29 Dec. 2019 Sunday

by Hazrat Molana Shaykh Azhar Iqbal (DB)

### Lectures and talks from many renowned speakers and scholars carried-on as scheduled through-out from the first day after Asar prayers till the end of the Ijtemah until Zuhr, the next day.

A two (2)-day Ijtemah (religious congregation) was held at Ata`at masjid, mehran town – Karachi on 28th and 29th December 2019 by Hidayah Academy. The Ijtemah officially started on Saturday, 28th December after Asar prayers with Hazrat Shaykh's welcome address. Scores of people, including students, teachers, scholars and many faithful devotees from Hyderabad, Sukkur, Islamabad and Chakwal travelled to the event in pursuit of spiritual guidance and to listen to discourses from renowned speakers and to become a part a gathering of mashaiq and the pious people.

The honorary guests; Dr. Saleem Sb and Peer Abdul Shakoor Nakhsbandi DB travelled all the way from Lahore and Chakwal district respectively to attend the Ijtemah on the blessed invitation of Hazrat Shaykh Azhar Iqbal (DB). They stressed on the importance of strengthening one`s bond with Allah (swt) and to keep enhancing one`s moral and spiritual standards.
Lectures and talks from many renowned speakers and scholars carried-on as scheduled through-out from the first day after Asar prayers till the end of

**Continue on next page**

## 8th Annual GRADUATION CEREMONY 2020 ء ۱۴۴۱ھ

ختم بخاری شریف

HIDAYAH ACADEMY

### OUR GRADUATES - YEAR 2020

**MOULANA DR. MUHAMMAD AZAM ALI**
ASSISTANT PROFESSOR, IBA
J.D. (Columbia)
B.S. Economics (Wharton)
B.A.S. (University of Pennsylvania)

**MOULANA MUHAMMAD UMAIR ILYAS**
MANAGER SECRETARIAL AFFAIRS (NOVATEX LIMITED)
CHARTERED ACCOUNTANT (ICAP)
POST GRADUATION DIPLOMA, ISLAMIC BANKING & FINANCE (CIE-DAR-UL-ULOOM)

**MOULANA MUHAMMAD ARSHAD KHOKHAR**
PRINCIPAL, F.G. ABBYSINIA PUBLIC SCHOOL, KHI. CANTT.
M.P.A. (Karachi University), B. Ed (AIOU Islamabad)

**MOULANA CAPT. (R) FAYSAL RIAZ MALIK**
BUSINESSMAN
M.B.A. (Al Khair University), Student of – M.A. Economics & L.L.B.

**MOULANA SHAHZAD FAYYAZ**
COMPUTER OPERATOR, I.T. DEPARTMENT
(ROSSMOOR FOOD STUFF (Pvt) Ltd.) I. Com.

**MOULANA HAMID SULAIMAN**
DATA ENTRY OPERATOR (TRUE FOOD PRODUCTS) F.Sc.

**MOULANA AHMAD-UR-REHMAN**
BUSINESSMAN - F.A.

**Become a part of Hidayah Academy! Get enrolled now!!!**
http://hidayahacademy.net/student-registration.php

Quarterly
# Al-Hidayah
NEWSLETTER OF HIDAYAH ACADEMY UNDER SUPERVISION OF : HAZRAT MOLANA SHAYKH AZHAR IQBAL (DB)

## Community News

Moulana Anwar-ul-Haq Abbasi Sb, Hidayah Academy's Administration Head (Evening), has been granted the honory Ijazat-o-Khilafat by Hazrat Moulana Shams-ur-Rahman Abbasi DB (Pakola Masjid)

Head of Administration, Hidayah Academy, Hazrat Moulana Nisar Sb along with Karachi University (KU) professors and Hidayah Academy students recently visited Jamait-ur-Rasheed Madrassa.

Hidayah Academy graduate and teacher, Moulana Fahim Feroz Sb`s son, Mohammad Shoaib Fahim and Naveed Sb's son, Areeb Naveed recently completed Hifz-al-Quran. May Allah (swt) bless them and their parents and May Allah keep the Quran protected in their hearts and make their life in the way of the Quran.

## Aitekaf 2019

The blessings of Ramazan 2019 were increased by folds for the lovers of Hazrat Moulana Shaykh Azhar Iqbal Sb DB, as for the first time, hazrat decided to lead Ijtimai Khanqahi Aitekaf for the last 10 days of Ramazan.
About 70 people attended for all 9 days, while about 30 observed nafli aitekaf. The attendees were guided on the daily mamulaat schedule for the last ashrah. It included 2 Islahi lectures by Hazrat Shaykh Sb; in the afternoon and after Taraweeh, as well as 3 sessions of Zikr (Muraqbah). Time was dedicated for Khatm e Khwajgaan as well as Dars e Hadith.
The attendees were delighted to spend multiple days in the company of Hazrat Shaykh Sb bestowed khilafah on three of his most dedicated salikeen, all of whom fully deserved it. They included;

1. Moulana Shaykh Nisar Ahmed Sb
2. Moulana Shaykh Abdul Aziz Khosa Sb
3. Moulana Shaykh Farooq Feroz Sb

## US / CANADA TOUR

During the last week of June Shaykh Azhar Iqbal visited North America for 2 weeks. Previously he visited US few months ago but this time he also visited Toronto, Canada.



The response of people in California was again beyond expectations. A lot of people got inspired both in Arab community and Indo-Pak community. It was the first time our respected Shaykh delivered lectures in Toronto but the love and response which people gave was fascinating. It was as if our Shaykh has been coming to Toronto for years.
His visit was perception-changing for a lot of people who think that a Sunnah compliant professional is a myth; who think that Islamic Scholars with Sunnah appearance don't actually connect well with the professionals and the youth; who think that Islamic scholars from Indo-Pak can only speak good Urdu; who think that Islamic scholars are unaware of the present situation of the world.
The power of Sunnah, piousness, gratitude, patience and kindness provided a source of tranquility and peace to the hearts of people. The ever-inspiring personality of our Shaykh touched the hearts and aided in increasing the love of Allah in the hearts of the people. The passion and the energy to follow the deen was regained.
During his journey, amidst the 2-3 daily Islahi lectures, a brief meditation (Murakhba) sessions were also conducted for the locals and surrounding muslim neighborhoods.
The lectures were delivered in both English and Urdu, in Muslim and Non-Muslim neighborhoods alike,making it a spiritually-packed experience for all who wished to meet with Hazrat thus the passion and energy to follow the deen was regained.


## Hidayah Publishers English Books


Hidayah Publishers strive to provide quality content to its readers that motivates them to bring a change in their lives; a change that brings us closer to Allah SWT. The purpose is served by regularly publishing books in both English and Urdu. The content of our books vary from Tarbiyati Majalis Series, to societal causes; from Ibadaat, to Muamlaat to Akhlaqiyaat and Muashiraat.
Our exclusive English books are listed down for our readers, to complete their check lists and get their hands on the useful books missing from their shelves.

1. **Marriage Filled with Love**
2. **The Diseased Heart**
3. **Will Power**
4. **The Cure of Depression**
5. **Oh Allah! Increase our sustenance**
6. **Special Guests of Allah**

Each one of them can be read over and over again. So what are you waiting for?

**Collection of 40 Sacred Hadiths**
by
Hazrat Moulana Farooq Feroz sb
Khalifa-Mujaz
Hazrat Moulana Shaykh Azhar Iqbal (db)




**Collection of 40 Hadiths on Khatam-e-Nabuwat**
by
Mufti Furqan Ahmed sb
Fazil
Hidayah Academy

HIDAYAH ACADEMY
Invest as
**Sadqa-e-Jariah**
for yourself and loved ones

FOR CONTRIBUTIONS / SADQA JARIAH :
**MEEZAN BANK**
(BARADARI, NORTH KARACHI BRANCH)
**ACCOUNT TITLE : JAMIA HIDAYAH**
**ACCOUNT No. 9939 0102948630**

FOR INFORMATION :
**0322-2181020, 0321-3616734**

## Ijtema 2019

the Ijtemah until Zuhr, the next day.
Hazrat Shaykh Azhar Iqbal (DB) also gave an exclusive spiritual talk later after isha and fajr prayers and granted the honory Ijazat-e-Khilafat to:
1. Moulana Siddique Akbar Sb, Hyderabad
2. Dr. Mohsin Afzal Sb, graduate Hidayah Academy.
To ensure better management extra-ordinary arrangements were made regarding security, cleanliness, availability of clean water, toilets and power supply and attendance of a doctor 24/7 round the clock.
The event was manned by teams of volunteers who were working throughout the weekend assisting with everything from traffic management to food service; Car parking stewards and volunteers were alert 24 hours ensuring vehicles only park in special designated zones.
Dinner and breakfast meals and tea were available for all the attendees, participants and volunteers.
The Ijtemah ended on a spritiutally power-packed concluding lecture followed by dua by Hazrat Shaykh Azhar Iqbal (DB) on Sunday, around Zuhr.
May Allah (swt) accept the Ijtemah and all its attendees and grant barakah and noor to Hidayah Academy to reach new levels heights of success! (Aameen.)

خصوصی شمارہ

# اَلہُدایہ

سہ ماہی مجلّہ

شمارہ نمبر ۱۱

۱ اکتوبر ۲۰۱۹ تا ۳۱ دسمبر ۲۰۱۹

HIDAYAH ACADEMY

زیر اہتمام ھدایہ اکیڈمی زیر سرپرستی حضرت مولانا شیخ اظہر اقبال صاحب دامت برکاتہم



## ھدایہ اکیڈمی کا سفر اور مقاصد

شام کے اوقات میں درس نظامی ان لوگوں کیلئے جو صبح سے شام تک کا وقت نہیں نکال سکتے

کاروباری و پروفیشنل حضرات کیلئے ہفتہ و اتوار (ہفتہ میں دو دن) درس نظامی کی ترتیب

دنیا کے تیرہ ممالک میں آن لائن درس نظامی (اردو / انگلش) اور اصلاحی و تربیتی سلسلہ

معاشرے کا وہ طبقہ جو اپنی دنیاوی تعلیم و قابلیت کے ساتھ اپنے اپنے شعبے میں خدمات کا کام انجام دے رہا ہے یا اعلیٰ تعلیم کے حصول میں مشغول ہے، ان کیلئے باقاعدہ دینی علوم (درس نظامی) کا حصول ممکن ہوسکے اور کوئی ایسی ترتیب بن جائے کہ وہ علوم نبوت سے آراستہ ہوکر دین کی خدمت کا کام بھی انجام دیں اس فکر کو لے کر حضرت شیخ اظہر اقبال دامت برکاتہم نے 2003 میں ھدایہ اکیڈمی کی بنیاد رکھی-

کراچی کے علاقے ڈیفنس کے ایک کمرے میں ایک استاد، چند شاگردوں سے ہوتا ہوا یہ ادارہ الحمدللہ اب ایک تن آور درخت بن کر اپنی شاخیں مختلف صورت میں بکھیر چکا ہے اور ایک علمی و روحانی تربیت گاہ کا کردار ادا کر رہا ہے- اور اس سے فاضل ہونے والوں میں ڈاکٹرز، انجینئرز، پروفیسرز، سافٹ ویئر انجینئرز اور بزنس مین حضرات شامل ہیں-

ھدایہ اکیڈمی نے پہلے شام 6 سے 9:30 میں درس نظامی شروع کیا اور پھر مختلف اوقات میں مختلف پروگرام شروع کرتا رہا-

وہ حضرات جن کو اپنی کاروباری مصروفیات کے باعث روزانہ شام میں بھی وقت نکالنا مشکل تھا ان کیلئے ہفتہ و اتوار میں صبح کے اوقات میں درس نظامی کا آغاز کیا-

حضرت شیخ کی فکر اور اساتذہ کی محنتوں کا یہ سفر مزید آگے بڑھا اور علم کے وہ متلاشی جو اپنی کاروباری مصروفیات کے باعث اتنا وقت بھی نہیں نکال پاتے یا بیرون شہر یا بیرون ملک مقیم ہیں ان کے لئے اردو و انگلش میں آن لائن کلاسز کا آغاز کیا - اور آج الحمدللہ دنیا کے تیرہ مختلف ممالک میں آئن لائن درس نظامی کے ذریعے طلبا اپنے علم کی پیاس بجھا رہے ہیں-

اس کے علاوہ ہفتہ وار فقہ کلاس، تفسیر کلاس بھی ترتیب دی گئی ہے- علم کے ساتھ ساتھ طلباء کا تعلق اپنے خالق سے بنا رہے اور ان کا دل اللہ کی محبت سے بھر جائے اس کیلئے ہفتہ وار اصلاحی و تربیتی مجلس کا بھی انعقاد کیا جاتا ہے-

مستورات کیلئے حضرت شیخ اظہر اقبال کے زیر اہتمام نور اکیڈمی

(جاری ہے صفحہ 6 پر)

آٹھویں سالانہ تقریب ۱۴۴۱ھ 2020ء

## ختمِ بُخارِی شریف

زیر اہتمام: حضرت مولانا شیخ اظہر اقبال دامت برکاتہم

HIDAYAH ACADEMY

- مولانا ڈاکٹر محمد اعظم علی صاحب
  اسسٹنٹ پروفیسر، آئی بی اے
- مولانا محمد عمیر الیاس صاحب
  چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ
- مولانا شہزاد فیاض صاحب
  آئی ٹی پروفیشنل
- مولانا محمد ارشد کھوکھر صاحب
  پرنسپل ایف جی ابی سینیا پبلک اسکول، کراچی کینٹ
- مولانا کیپٹن (ریٹائرڈ) فیصل ریاض ملک صاحب
  ریٹائرڈ کیپٹن (بزنس مین)
- مولانا حامد سلیمان صاحب
  ڈاٹا انٹری آپریٹر
- مولانا احمد الرحمان صاحب
  بزنس مین

دستارِ فضیلت ۱۴۴۱ھ

## اصلاحی بیان و مجلس ذکر

حضرت مولانا شیخ اظہر اقبال دامت برکاتہم

ہر جمعرات 7:45

برائے مرد حضرات

پیشگی اطلاع کیلئے اندراج کرائیں

0322-4432924

(0322-HIDAYAH)

M25/4 Khayaban-e-Saadi, Phase7, DHA Karachi.

## ھدایہ اکیڈمی اب پورے ملک میں

ھدایہ اکیڈمی نے 2003 میں شہر کراچی کے علاقے ڈیفنس میں کام شروع کیا-

8 سال قبل سکھر میں ھدایہ اکیڈمی کیمپس 2 شروع ہوا الحمدللہ دورہ حدیث تک کی کلاسیں پہنچ چکی ہیں- بہت ہی محنت اور جانفشانی کے ساتھ کام جاری وساری ہے- اپنی تمام رپورٹ کراچی مرکز میں ماہانہ پہنچاتے ہیں-

6 سال پہلے اسلام آباد میں ھدایہ اکیڈمی کیمپس 3 کا آغاز ہوا- الحمدللہ درجہ سادسہ تک کلاسیں پہنچ چکی ہیں- یہاں P.H.D ڈاکٹرز بھی اپنی علمی پیاس بجھا رہے ہیں-

3 سال پہلے حیدرآباد میں ھدایہ اکیڈمی کیمپس 4 کا افتتاح کیا گیا- الحمدللہ درجہ ثالثہ تک کلاس پہنچ چکی ہیں- یہاں ناظم اعلیٰ ہفتہ وار تشریف لاتے ہیں اور شیخ صاحب کو رپورٹ دیکر مختلف امور پر مشورہ طلب کرکے اچھے انداز میں کام انجام دے رہے ہیں-

## حضرت مفتی عبداللہ المدنی البرنی صاحبزادہ حضرت مفتی عاشق الٰہی بلند شہری رحمہ اللہ کی ھدایہ اکیڈمی میں آمد

مولانا عاشق الٰہی رحمہ اللہ ہمارے اکابرین میں سے گزرے ہیں۔ یہ دارالعلوم کراچی میں مایہ ناز استاد کی حیثیت سے خدمت انجام دیتے رہے۔ پھر مدینہ منورہ ہجرت کر گئے اور مرتے دم تک اشاعت دین کا کام کرتے رہے- انکے بیٹے حضرت مفتی عبداللہ المدنی اپنے والد کے مشن کو لئے حدیث و فقہ کی تعلیم عام کر رہے ہیں۔ پچھلے دنوں کراچی آمد کے موقع پر حضرت شیخ صاحب کی خصوصی دعوت پر ھدایہ اکیڈمی تشریف لائے- اس موقع پر انہوں نے ھدایہ نیو کیمپس میں عشاء کی نماز پڑھا کر مصلے کا افتتاح کیا- طلباء سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے مدارس کی اہمیت کو بہت دلنشین انداز میں پیش کیا-

## شب و روز

### ھدایہ اکیڈمی


ھدایہ اکیڈمی (شام) کے ناظم مولانا انوارالحق عباسی صاحب کو حضرت مولانا شمس الرحمن عباسی صاحب دامت برکاتہم (پاکولا مسجد والے) نے اجازت وخلافت سے نوازا-

---

جامعہ ھدایہ اکیڈمی کے ناظم اعلیٰ حضرت مولانا نثار صاحب نے کراچی یونیورسٹی کے پروفیسرز اور دیگر اسٹوڈنٹس کے ہمراہ جامعۃ الرشید کا دورہ کیا-

---

ھدایہ اکیڈمی کے فاضل اور استاد مولانا فہیم فیروز صاحب کے بیٹے محمد صہیب فہیم، ھدایہ اکیڈمی آن لائن کے ناظم مولانا موسیٰ صاحب کے بیٹے جواد موسیٰ اور نوید صاحب کے بیٹے اریب نوید نے حفظ قرآن مکمل کرلیا-ماشاءاللہ



## میرا تعلیمی سفر

### مولانا محمد ارشد کھوکھر

میرا نام محمد ارشد کھوکھر ھے۔اور میں پاکستان آرمی کے زیر انتظام FG Abbysinia public school karachi cantt میں بحیثیت پرنسپل اپنی ذمہ داریاں ادا کر رہا ہوں-

حضرت شیخ اظہر اقبال صاحب دامت برکاتہم کی محبتوں اور شفقتوں کے سائے میں 8 سال گذرنے کا پتہ ہی نہ چلا۔جب بھی کوئی مشکل آئی محترم اساتذہ کرام نے نے ہمت بڑھائی۔ شام کو تھکن سے چور گھر پہنچتے تو ہمارے استاد محترم مولانا انوار صاحب کا میسج "آپ ابھی تک تشریف نہیں لائے" جسم میں توانائی بھر دیتا اور ہم مدرسہ حاضر ہوجاتے۔گھر کا، دفتر کا، خاندان کا کوئی بھی مسئلہ ہوا ہمارے ہر دلعزیز ناظم صاحب حضرت مولانا نثار احمد صاحب نے ہمیشہ رہنمائی فرمائی- امتحان کی تیاری کیسے کر رہے ہیں رہنمائی کے لیے مولانا سلیم صاحب موجود ۔

میں اپنے شیخ جناب شیخ اظہر اقبال صاحب دامت برکاتہم اور اپنے تمام اساتذہ کی محبتوں شفقتوں ان کے اخلاص اور رہنمائی پر ان کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں اور اللہ رب العزت کی بارگاہ میں عجزو نیاز کے ساتھ دعا گو ہوں کہ اللہ تعالی آپکو دونوں جہانوں کی خوشیاں عطا فرمائے اور اس مدرسہ کے فیض کو تا قیامت جاری فرمائے آمین

## حضرت مولانا ڈاکٹر سلیم صاحب (انگلینڈ) کی آمد

انگلینڈ میں اسلامک دعوہ اکیڈمی کے بانی و شیخ الحدیث حضرت مولانا ڈاکٹر سلیم صاحب ھدایہ اکیڈمی میں تشریف لائے۔ طلباء کو بہت ہی قیمتی نصائح سے نوازا۔ حضرت نے فرمایا کہ طلباء اپنے اندر تخصص پیدا کریں کہ ایک کسی فن میں آپ بہت ماہر ہوں۔ اور فرمایا کہ اگر کسی کی ماتحتی میں نہیں رہینگے تو گمراہ ہو جانے کا خطرہ ہے۔

## ھدایہ اکیڈمی کا فیض مختلف شکلوں میں

الحمدللہ حضرت شیخ صاحب کی فکر حضرت کے خلفاء اور شاگردوں میں سرایت کر گئی ہے اور وہ حضرت ہی کے انداز میں عوام کے دلوں میں علم نبوت کی شمع جلانے کے مشن پر کام کر رہے ہیں-

حضرت کے خلیفہ اور شاگرد مولانا فاروق صاحب اور ان کے بھائی مولانا فہیم صاحب گلشن کے علاقے میں دو جگہ ہفتہ میں دو دن کا کورس نہایت ہی اچھے انداز میں کروا رہے ہیں - مولانا فاروق صاحب 40 احادیث پر کتاب بھی تالیف کر چکے ہیں-

حضرت شیخ صاحب کے خلیفہ حضرت مولانا عبدالعزیز کھوسہ صاحب اور ھدایہ اکیڈمی کے استاذ مفتی سلیم صاحب حسین آباد میں ہفتہ میں ایک دن کا کورس سرانجام دے رہے ہیں-

حضرت کے شاگردوں میں سے مولانا سلیم اقبال، مولانا احمد صدیق، مولانا اسماعیل، مولانا اسحق صاحب صراط مستقیم مسجد، گلشن اقبال میں ہفتہ میں دو دن کا کورس کروا رہے ہیں- اور یہ کورس ان لوگوں کے لئے بہت مفید ثابت ہو رہا ہے جو اپنی کاروباری مصروفیات کے باعث زیادہ وقت نہیں نکال پاتے-

مفتی فرقان ماجی صاحب حج تربیتی پروگرام اور ختم نبوت پروگرام اور میت پروگرام کے نام سے کافی مشہور ہو چکے ہیں- حج وعمرہ کے مسائل پر کتاب بھی تالیف کر چکے ہیں-

مولانا ڈاکٹر یحیٰ نوری صاحب مختلف مقامات پر اپنی پر اثر پریزینٹیشن کے ذریعہ دین کی دعوت کو عام کر رہے ہیں اور محور کے نام سے ایک کتاب بھی تصنیف کر چکے ہیں-

اللہ ان تمام کی محنت کو قبول فرمائے اور نئے نئے انداز میں کام کی مختلف شکلیں پیدا فرمائے- آمین-

## ھدایہ اکیڈمی کے زیر اہتمام دو روزہ سالانہ اصلاحی و تربیتی اجتماع

### اصلاحی بیانات، مراقبہ و ذکر سے سالکین نے اپنے قلوب کو منور کیا' مولانا محسن افضال و مولانا صدیق اکبر کو اجازت و خلافت

حضرت شیخ صاحب دامت برکاتہم نے متعلقین کی اصلاح کے لئے 28،29 دسمبر 2019 کو ایک روحانی وتربیتی اجتماع ترتیب دیا جو بروز ہفتہ عصر کی نماز کے بعد سے اتوار ظہر تک جاری رہا- تعلق مع اللہ کے حوالے سے مختلف اکابرین کے مواعظ ہوئے- حضرت کا خصوصی بیان عشا میں ہوا- اجتماع میں خصوصی مہمان ڈاکٹر سلیم صاحب دامت برکاتہم لاہور سے اور پیر عبدالشکور نقشبندی صاحب دامت برکاتہم چکوال سے تشریف لائے۔

اس موقع پر مولانا صدیق اکبر صاحب حیدرآباد اور مولانا محسن افضال صاحب فاضل ھدایہ اکیڈمی کراچی کو حضرت شیخ صاحب نے اجازت و خلافت عطا فرمائی- اجتماع کا اختتام حضرت شیخ کے خصوصی بیان، مراقبہ و دعا کے ساتھ ہوا اور سالکین اپنے قلوب کو منور کرکے رخصت ہوئے-

تمام شرکاء کے لئے رات کا کھانا اور صبح کا ناشتہ اور چائے کا انتظام کیا گیا تھا۔

## ھدایہ و نور اکیڈمی

خصوصی نظم

ہمارے ادارے ھدایہ اکیڈمی میں جس طرح ڈاکٹرز اور پروفیسرز تعلیم حاصل کر رہے ہیں، اسی اب الحمدللہ اللہ کے فضل و کرم سے اہل اللہ بھی رجوع کر رہے ہیں- حضرت خالد اقبال تائب صاحب دامت برکاتہم ھدایہ اکیڈمی میں طالب علم کی حیثیت سے بھی تشریف لاتے ہیں اور سرپرستی بھی فرماتے ہیں- حضرت تائب صاحب دامت برکاتہم امسال درجہ ثانیہ کے وفاق کے امتحان بھی دے رہے ہیں- حضرت تائب صاحب دامت برکاتہم حضرت مولانا حکیم اختر صاحب رحمہ اللہ کے خلیفہ اجل و شاعرِ معرفت ہیں- حضرت نے ھدایہ اکیڈمی اور نور اکیڈمی کے بارے میں بہت ہی خوبصورت اشعار لکھے ہیں-

وہ ھدایہ ہو کہ نورِ علم و فن
ہے زمیں پر آگہی کا اک گگن

اس کی منزل راہِ حق کی اتباع
اس کا مقصد عام ہو دینی چلن

اس کو کہیے مدرسہ و خانقاہ
جذبۂ علم و عمل ہے موج زن

سیکھنے میں عمر کی کیا قید ہے!
جب بھی ہوش آئے غنیمت ہے یہ دُھن

مانگنا آتا نہیں لیکن خدا
مانگتے ہیں تجھ سے ہم سب کم سخن

فکرِ دنیا کر کے عمریں کاٹ دیں
دل میں پیدا ہو اب عقبیٰ کی لگن

صرف باتوں سے نہ ہم بہلائیں دل
مل کے راہِ حق کریں طے مرد و زن

طعن و تشنیعِ جہاں سے بے نیاز
ہو کے سب دیں سیکھنے میں ہوں مگن

دل نہ لگ جائے کہیں پردیس میں
بھول بیٹھیں ہم نہ جنت کا وطن

ہوں نہ صحرا سے کہیں مانوس ہم
کھو نہ دیں فردوس کا صحنِ چمن

دین داری کا عمل میں ہو لحاظ
سنتوں سے ہو مزین پیرہن


چھوڑ دیں ہر رسم کا ایک اک لباس
کر کے ہم ملبوسِ تقویٰ زیبِ تن

علم کی ہو حرص ہم کو موت تک
تا دمِ آخر رہے قائم لگن

ہو دعائے تائبِ خستہ قبول
حشر تک باقی رہے یہ انجمن

خالد اقبال تائب

## میرا تعلیمی سفر



مولانا عدنان حسین

جدہ، سعودی عرب

ہمت، برکت اور رحمت۔ ہدایہ اکیڈمی میں مجھے ان تین الفاظ کے نئے مفہوم ملے۔

تصور کیجئے اللہ کے دین کا علم، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی وراثت کی سعی، وہ بھی شام کے اوقات کے بعد جب اساتذہ اور شاگرد دونوں تھکن کا شکار ہو رہے ہوں، مگر کسی دنیاوی طلب کے بغیر صرف اللہ کی رضا کے لیے طالب علم حاضر ہو، اور اساتذہ پوری دلجمعی سے، بھرپور تیاری کے ساتھ پڑھا رہے ہوں۔ کلاس میں خاموشی ہو تو پر ادب، سوال ہو تو پر شعور، جواب ہو تو پر مغز۔ اس کے لیے الگ قسم کی ہمت چاہیے۔ اور اس کے نتیجے میں جو وقت کی برکت ہم نے دیکھی وہ پھر کبھی نہ دیکھی، کہ مصروفیت تو بڑھ گئی کہنے کو، مگر کام پہلے سے آسانی سے اور بروقت ہونے لگے، ذہن تھکنے کے بجائے تازہ دم رہنے لگا۔ سال کی شروع میں لگتا تھا کہ کتاب کیسی ختم ہوگی اور سال کے آخر میں مکمل۔ اس کو اللہ کی رحمت نہ کہیں تو اور کیا کہیں جو اساتذہ اور شیخ صاحب کی شفقت میں مجسم ہو جاتی تھی۔

اس لیے ان الفاظ کے مفہوم تو دراصل ان آٹھ سالوں میں ہی پتا چلے۔ مٹھائی کے نام جاننے کے بعد مٹھائی چکھنا تو ہدایہ اکیڈمی ہی کے مرہونِ منت ہے۔

## اعتکاف 2019

رمضان 1440/ 2019 میں حضرت مولانا شیخ اظہر اقبال صاحب دامت برکاتہم بذات خود سنت اعتکاف میں تشریف فرماتھے۔ حضرت شیخ صاحب کے ساتھ سنت اعتکاف میں دور دراز کے علاقوں سے آنے والے مریدین کی تعداد تقریباً 70 تھی اور نفلی اعتکاف والے جو روزانہ ہی حضرت شیخ صاحب کی صحبت میں بیانات اور مراقبہ کے لئے پہنچ جاتے تھے ان کی تعداد تقریباً 30 تھی-اس کے علاوہ ایسے افراد جنہوں نے ایک مرتبہ آکر حضرت سے ملاقات کی ان کی تعداد ان گنت تھی- جس مسجد میں حضرت تشریف فرماتھے وہاں کے مقامی 30 افراد بھی سنت اعتکاف میں تھے- روزانہ حضرت شیخ صاحب کے دو بیانات ہوتے تھے اور تین مرتبہ مختلف اوقات میں آدھے آدھے گھنٹے کا مراقبہ بھی حضرت کرواتے تھے۔

حضرت مولانا شیخ اظہر اقبال صاحب دامت برکاتہم نے تین حضرات کو اجازت و خلافت عطاء فرمائی۔

1- مولانا نثار احمد صاحب (ناظم اعلی ھدایہ اکیڈمی)

2- مولانا محمد فاروق فیروز صاحب (استاد ھدایہ اکیڈمی)

3- مولانا عبدالعزیز کھوسہ صاحب (حسین آباد)

## ھدایہ پبلشرز

### 2019 میں کارکردگی

حضرت مولانا شیخ اظہر اقبال صاحب کے بیانات کو کتابی شکل میں لانے کی ترتیب الحمدللہ بہت ہی اچھے انداز میں جاری وساری ہے۔سال 2019 میں 3 تربیتی مجالس کی جلدیں اور اسباق سلسلہ عالیہ نقشبندیہ شائع ہوئی ہیں۔

تربیتی مجالس 4 میں شامل بیانات: احساس ندامت، اولاد کی تربیت، ہاں نیند تمہیں پیاری ہے۔ توبہ میں کامیابی

جلد 5 میں شامل بیانات: برکت بمقابلہ کثرت، مال کا وبال، علماء کی قدر، آزمائش پر صبر

جلد 6 میں شامل بیانات: نماز کا شوق، متقی کے لئے اللہ کے انعامی فیصلے، حسد ایک آگ ہے، ایک دن مرنا ہے آخر موت ہے-

اس کے علاوہ انگلش بیانات کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ یہ تمام کتابیں https://islamicessentials.org/#/books سے مفت ڈاؤن لوڈ کی جاسکتی ہیں-

### تربیتی مجالس جلد نمبر 7

الحمدللہ ختم بخاری کے موقع پر تربیتی مجالس جلد 7 شائع ہو رہی ہے جس میں یہ چار بیانات شامل ہیں:

1 روضہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر حاضری

2 اصل امیر کون؟

3 عاجزی میں کامیابی

4 حج محبت کا سفر

اللہ سے دعا ہے کہ اللہ اس سلسلے کو مفید عام بنائے- آمین

0322-4432924

(0322-HIDAYAH)

## بقیہ : ھدایہ اکیڈمی

میں درس نظامی (انگلش و اردو) صبح کے اوقات میں کرایا جارہا ہے-دراسات، تفسیر کلاس کے ساتھ ساتھ ہر مہینہ اصلاحی بیان کی بھی ترتیب ہے-

اس کے علاوہ حضرت شیخ صاحب کی سرپرستی میں شہر کراچی کے مختلف مقامات پر فضلاء اور خلفاء مختصر کورسز کروارہے ہیں اور شائقین کی علمی پیاس کو بجھارہے ہیں-